کا عملہ کئی افراد پر مشتمل تھا۔ دو مدرس' ایک محاسب' ایک باورچی' ایک خادم' ایک چوکیدار اور ایک صفائی والا۔ آخر انجام یہ ہوا کہ ۳/ اکتوبر ۱۹۴۸ء کو مولانا مودودی' مولانا اصلاحی اور میاں طفیل محمد صاحب گرفتار کر لئے گئے۔ اور مرکز میں اس خلاء کو پُر کرنے کے لئے راقم الحروف اور غازی صاحب کو لاہور منتقل ہونا پڑا۔ اتنی تفصیل لکھ دی گئی ہے تاکہ پورا پس منظر واضح ہو جائے۔ یعنی یہ درسگاہ اس بنا پر ختم ہو گئی کہ مولانا اور ان کے ساتھی گرفتار کر لئے گئے تھے نہ کہ سیاسی مصروفیات بڑھانے کی بنا پر۔

والسلام

عبدالغفار حسن' اسلام آباد

---

## بقیہ : تعمیر شخصیت اور فلاح انسانیت

© rasailojaraid

---

ظہور دل میں ہونے لگتا ہے۔ لہٰذا زبان سے نکلنے والے کلمات بد ہوں تو دل میں بدی کی تاریکی چھا جاتی ہے اور جب زبان سے کلمات حق نکلتے ہیں تو دل میں حق کی روشنی پھیل جاتی ہے۔ اسی لئے قرآن مجید میں ارشاد ہے :

﴿ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ۝ ﴾

(الاحزاب : ۷۰)

"اے ایمان والو اللہ (کی نافرمانی) سے بچو اور سیدھی بات کہو"۔

نبی پاک ﷺ نے زبان کی حفاظت کا حکم دیتے ہوئے فرمایا :

"جو کوئی اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہئے کہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے"۔ (۳۱)

(نوٹ : اس مضمون کے مصادر و مراجع اور حواشی دوسری قسط کے آخر میں' مضمون مکمل ہونے پر' ملاحظہ فرمائیں۔)

© rasailojaraid

# جَوَامِعُ الْکَلِم

محمد عربی ﷺ کا ایک عظیم الشان خطبہ، جو آپؐ نے تبوک کے میدان میں تیس ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں رجب ۹ ھ میں دیا۔ "جوامع الکلم" پر مشتمل یہ خطبہ امت مسلمہ کے لئے زندگی کے تمام اجتماعی و انفرادی پہلوؤں کے اعتبار سے روشنی کا مینار ہے۔ یہ خطبہ صحیح مسلم کی ایک طویل حدیث میں مروی ہے۔

اَمَّا بَعْدُ :

اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد :

فَاِنَّ اَصْدَقَ الْحَدِیْثِ کِتَابُ اللّٰهِ

یقیناً سچائی میں ہر کلام سے بہتر اللہ کی کتاب قرآن مجید ہے۔

وَاَوْثَقُ الْعُرٰی کَلِمَةُ التَّقْوٰی

مضبوط ترین سہارا تقویٰ کا کلمہ ہے۔

وَخَیْرُ الْمِلَلِ مِلَّةُ اِبْرَاهِیْمَ

سب دینوں سے بہتر دین حضرت ابراہیم علیہ السلام کا دین (اسلام) ہے۔

وَخَیْرُ السُّنَنِ سُنَّةُ مُحَمَّدٍ

سب طریقوں سے بہتر محمد (ﷺ) کا طریقہ ہے۔

وَاَشْرَفُ الْحَدِیْثِ ذِکْرُ اللّٰهِ

سب باتوں پر اللہ تعالیٰ کے ذکر کو شرف حاصل ہے۔

وَاَحْسَنُ الْقَصَصِ هٰذَا الْقُرْاٰنُ

سب بیانات سے بہتر قرآن مجید ہے۔

© rasailojarai

وَخَيْرُ الْاُمُوْرِ عَوَازِمُهَا

بہترین کام وہ ہے جس میں اولوالعزمی ہو۔

وَشَرُّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا

بدترین کام بدعت (دین میں از خود نکالے ہوئے کام) ہیں۔

وَاَحْسَنُ الْهُدٰى هُدَى الْاَنْبِيَاءِ

تمام راستوں سے بہتر پیغمبروں کا راستہ ہے۔

وَاَشْرَفُ الْمَوْتِ قَتْلُ الشُّهَدَاءِ

سب موتوں سے بہتر شہیدوں کی موت ہے۔

وَاَعْمَى الْعَمٰى الضَّلَالَةُ بَعْدَ الْهُدٰى

سب سے بڑھ کر اندھاپن ہدایت پانے کے بعد گمراہی ہے۔

© rasailojaraid

وَخَيْرُ الْاَعْمَالِ مَا نَفَعَ

سب عملوں میں بہتر وہ عمل ہے جو نفع دینے والا ہو۔

وَخَيْرُ الْهُدٰى مَا اتُّبِعَ

بہترین ہدایت وہ ہے جس پر عمل کیا جائے۔

وَشَرُّ الْعَمٰى عَمَى الْقَلْبِ

بدترین اندھاپن دل کا اندھاپن ہے۔

وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى

اونچا ہاتھ (دینے والا) پست ہاتھ (لینے والے) سے بہتر ہے۔

وَمَا قَلَّ وَكَفٰى خَيْرٌ مِّمَّا كَثُرَ وَاَلْهٰى

تھوڑی چیز جو کفایت بھی کرے اس سے بہتر ہے جو زیادہ ہو اور انسان کو غفلت میں ڈالے۔

وَشَرُّ الْمَعْذِرَةِ حِيْنَ يَحْضُرُ الْمَوْتُ

بدترین معذرت وہ ہے جو مرنے کے وقت کی جائے۔

وَشَرُّ النَّدَامَةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

بدترین ندامت وہ ہے جو قیامت میں ہوگی۔

© rasailojaraid

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ لَّا یَاْتِی الْجُمُعَۃَ اِلَّا دُبَرًا

بعض لوگ جمعہ میں تو آتے ہیں لیکن بہت دیر کر کے آتے ہیں

(انہیں اس روش کو ترک کرنا چاہئے)

وَمِنْهُمْ مَنْ لَّا یَذْکُرُ اللّٰهَ اِلَّا هَجَرًا

ان میں سے بعض مسلمان وہ ہیں جو کبھی کبھی خدا کو یاد کرتے ہیں۔

وَمِنْ اَعْظَمِ الْخَطَایَا اللِّسَانُ الْکَذَّابُ

سب گناہوں سے بدتر جھوٹی زبان ہے۔

وَخَیْرُ الْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ

بہترین تونگری دل کی تونگری ہے۔

وَخَیْرُ الزَّادِ التَّقْوٰی

سب سے عمدہ زادِ راہ (توشہ سفر) تقویٰ ہے۔

وَرَاْسُ الْحِکَمِ مَخَافَةُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

سب سے بڑھ کر دانائی یہ ہے کہ انسان اللہ سے ڈرتا رہے۔

وَخَیْرُ مَا وَقَرَ فِی الْقُلُوْبِ الْیَقِیْنُ

دلنشیں ہونے کے لیے بہترین چیز یقین ہے۔

وَالْاِرْتِیَابُ مِنَ الْکُفْرِ

شک پیدا کرنا کفر کی نشانی ہے۔

وَالنِّیَاحَةُ مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِیَّةِ

مردے پر آہ و بکا کرنا جاہلیت کا کام ہے۔

وَالْغُلُوْلُ مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ

خیانت کرنا عذاب جہنم کا سامان ہے۔

وَالسُّکْرُ کَیٌّ مِّنَ النَّارِ

نشہ کرنا دوزخ کی آگ کا داغ لگوانا ہے۔

© rasailojaraid

وَالشِّعْرُ مِنْ اِبْلِيْسَ

(برے) اشعار کہنا یا پڑھنا شیطان کی طرف سے ہے۔

وَالْخَمْرُ جِمَاعُ الْاِثْمِ

شراب تمام گناہوں کی جڑ ہے۔

وَشَرُّ الْمَاٰكَلِ مَالُ الْيَتِيْمِ

بدترین کھانا یتیم کا مال کھانا ہے۔

وَالسَّعِيْدُ مَنْ وُّعِظَ بِغَيْرِهٖ

سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔

وَالشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهٖ

اصل بدبخت وہ ہے جو اپنے ماں کے پیٹ ہی سے بدبخت پیدا ہوا ہو۔

وَاِنَّمَا يَصِيْرُ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَوْضِعِ اَرْبَعَةِ اَذْرُعٍ

یاد رکھو! تمہارا انجام کار چار ہاتھ کی (تنگ و تاریک) قبر ہے۔

وَالْاَمْرُ اِلَى الْاٰخِرَةِ

پھر اصل زندگی آخرت کی زندگی ہے۔

وَمِلَاكُ الْعَمَلِ خَوَاتِمُهٗ

عمل وہ اچھا ہے جس کا انجام اچھا ہو۔

وَشَرُّ الرُّؤْيَا رُؤْيَا الْكَذِبِ

بدترین خواب وہ ہے جو جھوٹا ہو۔

وَكُلُّ مَا هُوَ آتٍ قَرِيْبٌ

جو بات ہونے والی ہے اس کو قریب سمجھو۔

وَسِبَابُ الْمُؤْمِنِ فُسُوْقٌ

مسلمان کو گالی دینا فسق ہے۔

وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ

اس کو قتل کرنا کفر ہے۔

© rasailojara
© rasailojara
© rasailojara